بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سوالات برائے طلبہ وطالبات جماعت سوم عربی

از کتاب آئینہ تاریخ

(باب اول)

(۱) ہمارے ملک میں پہلے کون لوگ بستے تھے؟ ان کا رہن سہن کیسا تھا؟

(۲) دراوڑوں کے بارے میں تم کیا جانتے ہو؟ ان کی نسل کے لوگ اب کہاں ہیں؟

(۳) آریہ کون تھے ہمارے ملک میں یہ کس طرح پہونچے؟ اس ملک پر ان کے کیا احسانات ہیں؟

(۴) آریوں نے قلت تعداد کے باوجود دراوڑوں کو کس طرح مغلوب کیا؟

(۵) بھرت اور ہرش چندر کے متعلق تم کیا جانتے ہو؟

(۶) رام چندر جی کون تھے؟ انہیں بن باس کیوں ملا؟

(۷) راون سے ان کی کیوں جنگ ہوئی؟ اس جنگ کا نتیجہ کیا نکلا؟

(۸) مہابھارت کس کی تصنیف ہے؟ اس کتاب میں کیا واقعہ مذکور ہے؟

(۹) یہ جنگ کن کن کے مابین ہوئی؟ جنگ کے اسباب کیا تھے؟

(۱۰) پانڈو کون تھے؟ کرشن جی اور پانڈوؤں کی موت کس طرح ہوئی؟

(۱۱) آریوں کی کون کون سی قدیم مذہبی کتابیں ہیں؟ وید کون کون سے ہیں؟

(۱۲) منوسمرتی کے متعلق تم کیا جانتے ہو؟

(۱۳) آریوں نے اپنے کون کن کن ذاتوں میں تقسیم کرلیا تھا؟

(۱۴) موریہ خاندان کی داغ بیل کیوں کر پڑی؟

(۱۵) اشوک کس طرح بدھ مت کا پیروکار بن گیا تھا؟ اس نے بدھ مت کی کیا خدمات انجام دیں؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوالات برائے طلبہ وطالبات جماعت سوم عربی

از کتاب آئینہ تاریخ

(باب دوم)

(۱) سکندر کون تھا اس کے بچپن کے حالات بیان کریں

(۲) سکندر پنجاب ہی سے کیوں لوٹ گیا؟ پنجاب اور سندھ پر اس کے حملے اور اس کے نتائج پر روشنی ڈالو

(۳) سکندر کس طرح واپس ہوا؟ اور اس کی موت کیوں کر ہوئی؟

(۴) کنشک کون تھا اس کے عقائد کیا تھے؟ اس نے بدھ مت میں کمی بیشی کی کس طرح کوشش کی؟ اور ان کوششوں کا کیا نتیجہ رہا؟

(۵) برہمنی مت کے دوبارہ عروج کے کیا اسباب تھے؟

(۶) بکرمادتیہ کون تھا؟ بکرمادتیہ نے علم وادب کی کس طرح خدمت کی؟

(۷) کالی داس کون تھا؟ یہ کس طرح راجہ کی آنکھوں کا تارا بن گیا؟

(۸) اسلام سے پہلے جنوبی ہند کا کیا حال تھا؟ ہندوستان میں سب سے پہلے اسلام کس راستہ سے آیا؟

(۹) عربوں کی کوششوں سے جنوب کے اور کون کون سے مقامات اسلام کی روشنی سے منور ہوئے اور کس طرح؟

(۱۰) سندھ میں اسلام کس طرح پہونچا؟ محمد بن قاسم کون تھے؟

(۱۱) محمد بن قاسم کے حملہ کے کیا اسباب تھے؟ محمد بن قاسم کا کیا حشر ہوا؟ اور کیوں؟

(۱۲) محمود غزنوی کون تھا؟ اس نے ہندوستان پر حملہ کیوں کیا؟ محمود غزنوی کے سومناتھ پر حملہ کا مختصر حال لکھو

(۱۳) حضرت معین الدین چشتیؒ کون تھے؟ تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ کہاں گئے؟ آپ ہندوستان کس طرح تشریف لائے؟

(۱۴) حضرت معین الدین چشتیؒ کی سیرت و کردار کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ اور آپ کی کوششوں کا کیا نتیجہ رہا تحریر کریں

(۱۵) اللہ تعالیٰ کسی ملک کا انتظام کسی گروہ سے چھین کر کسی دوسرے گروہ کے حوالے کیوں کرتے ہیں؟ جس گروہ کے سپرد ایک بار انتظام کیا جاتا ہے اس کے پاس کب تک برقرار رہتا ہے؟ مثالوں سے واضح کریں،

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سوالات برائے طلبہ وطالبات جماعت سوم عربی

از کتاب آئینہ تاریخ

(باب سوم)

خالی جگہوں کو مناسب جملوں سے پر کرو

(۱) درویش نے کہا گھبراؤ نہیں میں تمہیں انگور دلا دونگا ذرا بتاؤ تو تم کون ہو؟ بچے نے کہا میرا نام .... ہے

(۲) محمد غوری کی وفات کے بعد جب .... شمالی ہندوستان کا سلطان ہوا تو اس نے شمس الدین کو صوبہ بدایوں کا گورنر مقرر کیا

(۳) اتفاق سے انہیں دنوں غزنی کے پایہ تخت پر .... کا قبضہ ہو گیا، یہ رہنے والا .... کا تھا جہاں کے وحشی قبائل کو محمود غزنوی نے مغلوب کر دیا تھا

(۴) ۶۰۲ ہجری میں محمد غوری ایک .... کے ہاتھوں مارا گیا اس کے بعد .... ہندوستانی مقبوضات کا خود مختار حاکم بن گیا

(۵) یہ تھا ہندوستان کے ایک نامور بادشاہ .... کے گھر کا نقشہ جس کا بیس سالہ دور حکومت ہندوستان کی تاریخ میں یاد رہے گا

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں،

(۱) التمش کون تھا وہ کس طرح بخارا پہونچا؟

(۲) اور وہ کس طرح دہلی کا سلطان بنا؟ اس کے عادات واطوار کے متعلق تم کیا جانتے ہو؟

(۳) ناصر الدین کون تھا؟ خادمہ کے متعلق اہلیہ سے اس کی کیا بات چیت ہوئی؟

(۴) بلبن کون تھا؟ اس نے کیا خدمات انجام دیں؟

(۵) علاؤ الدین خلجی کون تھا؟ دین کے معاملہ میں وہ کیسا تھا؟ اور کیوں؟ علاؤ الدین کے آخری ایام کس طرح گزرے اس کا جانشین کون ہوا؟